# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 17 November-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۷/نومبر ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ بلدیاتی انتخابات کے لیے مہایوتی کی نشستوں کی تقسیم کی تصویر دو دنوں میں ہوگی صاف۔ وزیر اعلیٰ کی اطلاع۔

☆ اسکول و کالج کی تعلیمی سیر کے لیے ریاستی ٹرانسپورٹ کارپوریشن ST کی جانب سے ملے گی نئی بسیں۔

☆ بہار میں حکومت سازی کے لیے کوششیں تیز۔

☆ جنوبی افریقہ نے کولکتہ ٹیسٹ جیت کر سیریز میں ایک صفر کی حاصل کی برتری۔

اور۔۔۔☆ مراٹھواڑہ سمیت ودربھ میں آج اور کل سردی کی لہر۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کہا ہے کہ بلدیاتی انتخابات کے لیے مہایوتی کی نشستوں کی تقسیم کی تصویر اگلے دو دنوں میں واضح ہو جائے گی۔ وہ کل چھترپتی سمبھاجی نگر میں صحافیوں سے بات کر رہے تھے۔ بلدیاتی انتخابات جہاں بھی ممکن ہو مہایوتی کے ذریعے لڑے جائیں گے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ مقامی سطح کے انتخابات سے متعلق تمام فیصلے مقامی سطح پر لیے جاتے ہیں۔ دریں اثناء وزیر اعلیٰ کے ہاتھوں کل چھترپتی سمبھاجی نگر میں سابق وزیر اعلیٰ وسنت راؤ نائیک اور مراٹھواڑہ مکتی سنگرام کے محرک سوامی رامانند تیرتھ کے مجسمے کی نقاب کشائی کی گئی۔ سوامی رامانند نے نوجوانوں میں حب الوطنی پیدا کرنے کے لیے کام کیا۔

وزیر اعلیٰ نے کل کرنتی چوک علاقے میں قائم حیدرآباد مکتی سنگرام محرک سوامی رامانند تیرتھ کے آدھے مجسمے کی نقاب کشائی کی۔ وزیر اعلیٰ نے اس موقع پر سوامی رامانند کے کاموں پر روشنی ڈالی۔ وزیر اعلیٰ نے کل سڈکو بس اسٹینڈ چوک پر قائم کئے گئے سبز انقلاب کے علمبردار سابق وزیر اعلیٰ وسنت راؤ نائیک کے قد آدم مجسمے کی نقاب کشائی کی۔ پھڑنویس نے تعلیمی، سماجی اور زرعی شعبوں میں نائیک کے تعاون کا ذکر کیا۔

***** ***** *****

اسٹیٹ ٹرانسپورٹ کارپوریشن ایس ٹی کی نئی بسیں ریاست کے اسکولوں اور کالجوں کو اسکولی سیر کے لیے دستیاب کرائی جائیں گی۔ وزیر ٹرانسپورٹ اور ایس ٹی کارپوریشن کے چیئرمین پرتاپ سرنائیک نے یہ اطلاع دی۔ انہوں نے کہا کہ اس کے پیچھے مقصد یہ ہے کہ تعلیمی ادارے اور طلباء سستے اور محفوظ سفر سے لطف اندوز ہو سکیں۔ اسکولوں اور کالجوں کو بسیں فراہم کر کے کارپوریشن کے گذشتہ برس 92/کروڑ روپیوں کی آمدنی کی تھی۔ سرنائیک نے کہا کہ اس مناسبت سے ان اسکولوں اور کالجوں کو اس سال بھی اس خدمت کا فائدہ اٹھانا چاہیے۔

***** ***** *****

گورنر اچاریہ دیوورت نے کہا ہے کہ کیمیکرز کے زیادہ استعمال نے کھیتی باڑی کو بنجر بنا دیا ہے۔ اور زہر سے پاک خوراک پیدا کرنے کے لیے قدرتی کاشتکاری کا کوئی متبادل نہیں ہے۔ وہ کل ممبئی کے راج بھون میں سنکلپ فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام قدرتی زراعت ایک منفرد ورثے کے موضوع پر ایک سیمینار سے خطاب کرر ہے تھے۔ گورنر نے انتظامی حکام سے قدرتی کھیتی کو فروغ دینے کی بھی اپیل کی۔

***** ***** *****

وزیر زہری ژروال اور سابق رکن اسمبلی جے پی گاوت کی قیادت میں پینل نے ریاستی قبائلی ترقیاتی کارپوریشن کے انتخابات میں کامیابی حاصل کی ہے۔ کارپوریشن کی سترہ نشستوں کے لیے چودہ نومبر کو ووٹنگ ہوئی تھی۔

***** ***** *****

بہار میں حکومت سازی کے لیے سرگرمیاں تیز ہوگئی ہیں۔ متحدہ جنتا دل جے ڈی یو پارٹی کی میٹنگ آج ہوگی اور اس بات کے اشارے مل رہے ہیں کہ پارٹی صدر نتیش کمار کو لیجسلیٹر پارٹی کا لیڈر منتخب کیا جائے گا۔ NDA کی تمام پانچوں پارٹیاں اپنے متعلقہ مقنّنہ پارٹی لیڈروں کے انتخاب کے لیے الگ الگ میٹنگ کریں گے جس کے بعد مشترکہ میٹنگ میں NDA لیڈر کا انتخاب کیا جائے گا۔ اس کے بعد اراکین اسمبلی کی حمایت کا خط گورنر کو پیش کیا جائے گا اور حکومت بنانے کا دعویٰ کیا جائے گا۔

وزیر اعلیٰ نتیش کمار کی سبکدوش ہونے والی کابینہ کا اجلاس آج ان کی صدارت میں ہوگا۔ جس میں کابینہ کو برطرف کرنے کی تجویز دی جائیگی۔

***** ***** *****

کل قومی صحافتی دن منایا گیا۔ 1966 میں اس دن پریس کونسل آف انڈیا کا قیام عمل میں آیا۔ یہ تنظیم اخبارات اور میڈیا کی اخلاقیات کی نگرانی کے لیے کام کرتی ہے۔ قومی یوم صحافت کے موقع پر نئی دہلی میں منعقدہ تقریب میں اطلاعات ونشریات کے وزیر اشونی ویشنو، وزیر مملکت ڈاکٹر ایل مروگن اور پریس کاونسل کی چیئر پرسن رنجنا پرکاش دیسائی موجود تھے۔ اس موقع پر اشونی ویشنو نے کہا کہ جمہوریت میں صحافت کا کردار اہم ہے۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

چھتیس گڑھ کے سکما ضلع میں کل سیکورٹی فورسیز کے ساتھ تصادم میں دو خواتین سمیت تین نکسلی مارے گئے۔ تینوں پر 15 / لاکھ روپیوں کا انعام تھا۔ پولس نے علاقے سے رائفلیں دیگر اسلحہ اور دھماکہ خیز مواد برآمد کیا ہے۔

***** ***** *****

قومی تحقیقاتی ایجنسی NIA نے کل دہلی میں لال قلعے کے قریب کار بم دھماکے کے سلسلے میں کشمیر کے رہنے والے عامر رشید علی کو گرفتار کیا۔ تحقیقاتی ایجنسی کا کہنا ہے کہ عامر نے عمر نبی کے ساتھ مل کر دھماکے کی منصوبہ بندی کی تھی۔ تحقیقاتی ایجنسی کا کہنا ہے کہ دھماکے میں استعمال ہونے والی گاڑی بھی عامر کے نام پر رجسٹرڈ تھی۔

***** ***** *****

ممبئی پولیس نے مبینہ طور پر نیول ڈاکیارڈ پر دہشت گردانہ حملے کی فون کال وارننگ دینے کے الزام میں دو افراد کو گرفتار کیا ہے۔ گودی کے دو کارکنوں میں سے ایک نے شراب کے نشے میں پولس کنٹرول روم کو فون کیا اور کہا کہ اسے کسی اور سے اطلاع ملی تھی کہ ڈاک یارڈ پر حملہ ہونے والا ہے۔

***** ***** *****

جنوبی افریقہ نے کولکتہ ٹیسٹ کے تیسرے روز بھارت کو30 رنوں سے شکست دے کر دومقابلوں کی سیریز میں ایک صفر کی برتری حاصل کرلی ہے ۔جنوبی افریقہ نے کل اپنی دوسرے اننگ 93 رنوز اور ے،وکٹوں پر شروع کی۔ کپتان ٹیمبا باؤ ما اور کاربن نے آٹھویں وکٹ کے لیے 44 رنوں کی شراکت داری کی۔مہمانوں کی دوسری اننگز 153 رنوں پر ختم ہوگئی۔پہلی اننگ میں 30 رنوں کی برتری کے ساتھ بھارت کو دوسری اننگ میں جیت کے لیے 124 رن درکار تھے۔تاہم ہدف کا تعاقب کرتے ہوئے بھارتی ٹیم صرف 93 رنوں پر آل آوٹ ہوگئی۔جنوبی افریقی اسپنر سائمن ہارمر کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔دوسرااورآخری مقابلہ 22 تاریخ کو گوہاٹی میں کھیلا جائے گا۔

******* ***** *******

نابینا خواتین ٹی ٹوینٹی کرکٹ ورلڈ کپ میں بھارت نے کل پاکستان کو آٹھ وکٹوں سے شکست دے دی۔ پاکستان نے پہلے بلے بازی کرتے ہوئے سات وکٹوں کے نقصان پر 135 رنز بنائے۔ بھارت نے یہ ہدف صرف 10 اوورس میں دو وکٹوں کے نقصان پر حاصل کرلیا۔ بھارت کی جانب سے سب سے زیادہ 64 رنز بنانے والی انیکھا دیوی کو مین آف دی میچ قرار دیا گیا۔

***** ***** *****

تیرانداز کشل دلال نے لگزمبرگ کے اسٹرسن میں منعقدہ مردوں کے کمپاؤنڈ مقابلے میں GT اوپن ورلڈ سیریز کا خطاب جیت لیا ہے۔کشل نے شوٹ آف میں سابق عالمی نمبرون امریکہ کے اسٹیفن ہیز کو شکست دے کر طلائی تمغہ جیتا۔گنیش تیرومورو نے مردوں کے انڈر 21 کمپاؤنڈ مقابلے میں کانسے کا تمغہ جیتا۔

***** ***** *****

بھگوان برسا منڈا کے 150 ویں یوم پیدائش کے موقع پر جن جاتی چیتنا پریشد کا کل دیوگری کالج چھترپتی سمبھاجی نگر میں پر جوش ماحول میں انعقاد عمل میں آیا۔اس کانفرنس کا انعقاد جن جاتی چیتنا پریشد، مراٹھواڑہ شکشن پرسارک منڈل اور دتاجی بھالے میموریل کمیٹی نے مشترکہ طور پر کیا تھا۔اس موقع پر برسا منڈا کے کاموں پر روشنی ڈالی گئی۔

***** ***** *****

لاتور شہر میں میونسپل کارپورشن کے تحت آج سے دو دسمبر تک جذام کا پتہ لگانے کی مہم چلائی جائے گی۔اس میں بنیادی طور پر شہر کے 30 ہزار گھروں میں ایک سروے کیا جائیگا۔اور ایک لاکھ پچاس ہزار لوگوں کا برائے راست معائنہ کیا جائیگا۔لاتور میونسپل کارپوریشن نے اپنے گھروں میں آنے والے رضا کاروں سے مناسب تعاون کرنے اور ضرورت کے مطابق بروقت تشخیص اور علاج کرنے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

محکمۂ موسمیات نے پیش گوئی کی ہے کہ آج اور کل مراٹھواڑہ اور ودربھ میں سردی کی لہر جاری رہے گی۔لاتور اور دھاراشیو کو چھوڑ کر مراٹھواڑہ کے باقی اضلاع کے لیے یلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔دریں اثناء ناسک ضلع کے نپھاڑ میں کل آٹھ ڈگری سلسیس درجہ حرارت درج کیا گیا۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں:::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ بلدیاتی انتخابات کے لیے مہایوتی کی نشستوں کی تقسیم کی تصویر دو دنوں میں ہوگی صاف۔ وزیر اعلیٰ کی اطلاع۔

☆ اسکول و کالج کی تعلیمی سیر کے لیے ریاستی ٹرانسپورٹ کارپوریشن ST کی جانب سے ملے گی نئی بسیں۔

☆ بہار میں حکومت سازی کے لیے کوششیں تیز۔

☆ جنوبی افریقہ نے کولکتہ ٹیسٹ جیت کر سیریز میں ایک صفر کی حاصل کی برتری۔

اور۔۔۔☆ مراٹھواڑہ سمیت ودربھ میں آج اور کل سردی کی لہر۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

**ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

***** ***** *****